مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر کے کارکن صداقت علی کو شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔02، جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن صداقت علی کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

مسلح افراد کی فائرنگ سے کارکن صداقت علی کی شہادت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔02، جون 2011ء

موٹر سائیکل پر سوار مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن صداقت علی شہید کردیا گیا۔شہید کی عمر 35 سال تھی شہید کے سوگواران لواحقین میں بیوہ اور چار بچے شامل تھے۔تفصیلات کے مطابق صداقت علی شہید سلیم آباد بلاک ڈی سے گھر آرہے تھے تو موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں صداقت علی کے سر میں گولی لگی،جن کو تشویشناک حالت میں مقامی اسپتال میں لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے اوراپنے خالق حقیقی سے جا ملے(اناءاللہ وانا الیہ راجعون)۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن صداقت علی کو قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوروا قعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ صداقت علی شہید کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے،اس میں ملوث مسلح افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے اورانہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے صداقت علی شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورشہید کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔بعدازاں صداقت علی شہید کو آہوں سسکیوں کے درمیان وادی حسین قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر رضویہ امام بارگاہ ناظم آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب،ارکان سندھ اسمبلی منظر امام،سیف الدین خالد،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران،اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیز اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ایم کیوایم کے تنظیمی شعبہ فیکٹس فائنڈنگ کمیٹی کے نئے دفتر کا افتتاح کردیا گیا

کراچی۔۔۔02، جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تنظیمی شعبے فیکٹس اینڈ فائنڈنگ کمیٹی کے نئے دفتر کا افتتاح کردیا گیا ہے،دفتر کا افتتاح گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی اوردیگر اراکین رابطہ کمیٹی نے کیا۔اس موقع پر فیکٹس فائنڈنگ کمیٹی کے انچارج وکمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔اس شعبہ میں ایم کیوایم کیخلاف 19، جون 1992ء کو ہونیوالے بدترین وریاستی آپریشن میں ہزاروں شہید کارکنان کا ریکارڈ اورڈاکومینٹری فلم ترتیب دی گئی ہے۔

مانکپیاں مہاجر کیمپ، مسلم لیگ(ن) کے نائب صدر ایم کیوایم میں شامل ہوگئے

مظفر آباد۔۔۔۔02 جون 2011ء

مانکپیاں مہاجر کیمپ نمبر 2 مظفر آباد میں مسلم لیگ(ن) کے نائب صدر محمد شبیر مغل نے مستعفی ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ایم کیوایم مظفر آباد کے زونل آفس میں زونل انچارج ملک تنویر،ضلعی جوائنٹ انچارج سہیل سعید،شاہد یعقوب کی موجودگی میں محمد شبیر مغل نے مسلم لیگ(ن) چھوڑ کر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا،اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے شبیر مغل نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو غریب اورمتوسط طبقے کے ذریعے آزاد کشمیر میں حقیقی تبدیلی لاسکتی ہے۔ایم کیوایم مظفرآباد زون اورضلعی کمیٹی کے ذمہ داران نے شبیر مغل کو حق اورسچ کا ساتھ دینے کا جرتمندانہ فیصلہ کرنے پر مبارکباد دی

سیاسی جماعتوں سے کوئی دشمنی نہیں، روائتی سیاست کے خاتمے کے لیے بڑی سے بڑی قوت کے ساتھ مقابلہ کرینگے، ایم کیوایم
یوں لگتا ہے کہ آئندہ انتخابات میں سیاسی جماعتیں نہیں قبیلے اور برادریاں امیدوار نامزد کریں گی، روائتی سوچ کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، طاہر کھوکھر
آزاد کشمیر کے عوام برادری اور علاقائیت کے خول سے نکل کر قومی مفاد میں فیصلہ کریں، اقتدار میں آ کر مہاجر انصار کی تفریق مٹا دیں گے، کارکنوں سے گفتگو

مظفرآباد۔۔۔۔۔02 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر، وزیر سیاحت کلچر و آثار قدیمہ طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں کسی سیاسی جماعت سے دشمنی ہے اور نہ ذاتی اختلافات، مگر آزاد کشمیر میں رائج روائتی سیاسی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے بڑی سے بڑی سیاسی قوت کے ساتھ ٹکرانے کو بھی تیار ہیں۔ جاگیردارانہ نظام اور روائتی سیاسی سوچ نے معاشرتی اقدار کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے، جس معاشرے میں رشوت، کرپشن اور اقرباء پروری اپنی انتہا کو پہنچ گئی ہو وہاں انقلاب ضرور آتا ہے، آزاد کشمیر کے عوام برادری ازم، علاقائیت اور لسانیت کے خول سے باہر آ کر اجتماعی مفادات کے پیش نظر قومی نوعیت کے فیصلے کریں۔ ایم کیوایم کسی مخصوص برادری، علاقے یا گروہ کی جماعت نہیں بلکہ یہ پاکستان اور آزاد کشمیر 98 فیصد عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔ ایم کیوایم اقتدار میں آئی تو مہاجرین جموں وکشمیر کو مالکانہ حقوق دیکر مہاجر وانصار کی تفریق مٹا دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مانکیاں مہاجر کیمپ سے ایم کیوایم میں شامل ہونے والے نوجوانوں کے ایم وفد سے بات چیت کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ چودھری، خان، مغل، راجہ خواجہ کی تفریق نے آزاد کشمیر میں برادری ازم کی سیاست کو اس حد تک بڑھا دیا ہے کہ اب تو یوں لگتا ہے کہ آئندہ انتخابات میں سیاسی جماعتیں نہیں برادریاں اور قبیلے حصہ لیں گے۔ اس کلچر کی حوصلہ شکنی نہ کی گئی تو مستقبل میں خطرناک نتائج برامد ہوں گے۔

آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے پنجاب یونیوسٹی میں کشمیری طلباء سے ایم کیوایم کے وفد کی ملاقات

لاہور۔۔۔۔2011ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حوالے سے ایم کیوایم کے جوائنٹ انچارج مجتبیٰ گیلانی، ڈسٹرکٹ لاہور کے رکن وقار مراد، افضال نقوی، داتا گنج بخش ٹاؤن کے ذمہ دار زاہد خان اور میڈیا سیل کے رکن عمر فیروز پیرزادہ نے بدھ کے روز پنجاب یونیوسٹی میں آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے طلباء سے ملاقات کی۔ اس موقع پر طلباء نے ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داران کا بھرپور استقبال کیا۔ آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے ایم کیوایم لاہو زون کے جوائنٹ انچارج مجتبیٰ گیلانی نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ کشمیری بھائیوں کے حقوق کے لئے آواز بلند کی اور آئندہ بھی کشمیریوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کرے گی اور ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس کا ہر ایم این اے، ایم پی اے، ایم ایل اے، سینیٹرز غریب متوسط وطبقے سے تعلق رکھتا ہے اور غریبوں کے مسائل وہ ہی لوگ سمجھ سکتےہیں اور حل کر سکتے ہیں جو خود غریب متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیوایم جو کہتی ہے وہ کر کہ بھی دیکھاتی ہے۔ اس موقع پر پنجاب یونیورسٹی میں آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے طلباء نے کہا 10 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلہ میں ایم کیوایم کی کشمیری بھائیوں کے لئے خدمات قابل دید ہیں، انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے بہت ساری پارٹیوں کو آزمایا لیکن الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جو کراچی یا پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں موجود غریبوں کی نمائندگی کرتے ہے۔

ایم کیوایم 26 جون 2011ء کو ہونیوالے کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں بھرپور
حصہ لے رہی ہے اور انشاءاللہ کامیابی اس کا مقدر بنے گی، ایم کیوایم آزاد کشمیر

مظفرآباد:۔۔۔۔2 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر زون کے اراکین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایم کیوایم 26 جون 2011ء کو ہونیوالے کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں بھرپور حصہ لے رہی ہے اور انشاءاللہ کامیابی اس کا مقدر بنے گی۔ انہوں نے ان افواہوں کی تردید کی ہے کہ ایم کیوایم کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ہونے والے انتخابات میں حصہ نہیں لے رہی ہے اس میں صداقت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مخالف عناصر اس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہوکر اس طرح کی افواہیں پھیل رہے ہیں تاکہ کشمیری عوام کو ایم کیوایم سے دور کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام 26 جون 2011ء کو ہونیوالے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں ایم کیوایم کا ساتھ دیکر ایم کیوایم کو کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔

تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناپر اسکیم 33 معمار سیکٹر اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کی معطلی

کراچی ۔۔2 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بنا پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینس آرگنائزیشن سیکٹر F کے سیکٹر ممبر شاہ زیب اور ایم کیو ایم معمار سیکٹر اسکیم 33 یونٹ B-33 کے کارکن علی عدنان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کر دیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ معطل شدہ کارکنان سے کسی بھی قسم کوئی رابطہ نہ رکھیں ۔

ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے مرکزی کمیٹی کے رکن مسعود احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔2 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے مرکزی کمیٹی کے رکن مسعود احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (آمین)

قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کے مطابق حق پرست قیادت شہر بھر میں ترقیاتی کاموں میں مصروف عمل ہے، محمد شریف

اہلیان حیدر آباد کیلئے برسات میں پیدا ہونے والی مشکلات سے نجات کا انتظام کرنے کا سہرا قائد تحریک کے سر ہے، طیب حسین

حق پرست قیادت کی کوششوں سے حیدر آباد شہر کی رونقیں بحال ہو رہی ہیں، سہیل یوسف

گورنمٹ کمپری ہنسیو ہائی اسکول کے مین روڈ پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی

کے فنڈ سے برسات میں نکاسی آب کیلئے فراہم کردہ ڈیزل انجن ٹرالیوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب

حیدر آباد ۔۔۔02 جون 2011ء

قائد تحریک الطاف حسین حیدر آباد شہر کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اور انہوں نے حیدر آباد کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کر کے اپنے عمل سے یہ ثابت کیا ہے ۔ ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدر آباد کے زونل انچارج محمد شریف نے گورنمٹ کمپری ہنسیو ہائی اسکول کے مین روڈ پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف کے فنڈ سے برسات میں نکاسی آب کیلئے فراہم کردہ ڈیزل انجن ٹرالیوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی اراکین زونل کمیٹی افتخار قائم خانی، ظفر احمد صدیقی ،حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین ،حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف، TMO لطیف آباد اظہر میمن ،اور لطیف آباد کے سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سمیت علاقے کے معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کے مطابق حق پرست قیادت شہر بھر میں ترقیاتی کاموں میں مصروف عمل ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت حیدر آباد شہر کے مسائل سے بخوبی واقف ہے اور یہی وجہ ہے کہ حق پرست قیادت کو موقع ملتے ہی اس نے شہر کے بنیادی مسائل کے حل کرنے کیلئے خصوصی توجہ دی۔ تقریب سے حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست نمائندے عوامی خدمت کیلئے دن رات مصروف عمل ہے اور آج اہلیان حیدر آباد کیلئے برسات میں پیدا ہونے والی مشکلات سے نجات کا انتظام کرنے کا سہرا قائد تحریک کے سر ہے۔ تقریب سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے کہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست قیادت لوگوں کی بلا امتیاز رنگ نسل وزبان اور مذہب خدمت مصروف ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی کوششوں سے حیدر آباد شہر کی رونقیں بحال ہو رہی ہیں ۔ تقریب سے دیگر شرکاء نے بھی خطاب کیا۔

ایم کیو ایم برطانیہ کے کارکن آصف سعید اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن عاصم سعید کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی :۔۔۔2 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم برطانیہ کے کارکن آصف سعید اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 کے کارکن عاصم سعید کے والد محمد سعید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

ایلڈر زونگ کے مرکزی کمیٹی کے رکن مسعود احمد اور معروف شاعر نثار احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔2 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایلڈر زونگ کے مرکزی کمیٹی کے رکن مسعود احمد اور ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن آفتاب علوی کے والد اور معروف شاعر نثار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیو ایم ایلڈر زونگ کے مرکزی کمیٹی کے رکن مسعود کی نماز جنازہ بعد نماز عصر جامع مسجد عمر فاروقی میں ادا کی گئی۔جبکہ مرحوم کی تدفین پاپوش نگر قبرستان ناظم آباد میں ہوئی۔نماز ء جنازہ و تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان،رکن قومی اسمبلی فرحت خان،صوبائی وزیر خالد بن ولایت،اراکین سندھ اسمبلی عبدالمعید، ریحان ظفر سمیت ایم کیو ایم ایلڈر زونگ کے انچارج و اراکین،علاقائی سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کے پاس ملک کو مستحکم بنانے کیلئے کا حل موجود ہے،محمد علی شاہ
ٹنڈو الہ یار زون کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے اجلاس سے خطاب

ٹنڈو الہ یار:02 مئی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو الہ یار کے زونل انچارج سیّد محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کے پاس ملک کو مستحکم بنانے کیلئے کا حل موجود ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹنڈو الہ یار زون کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر ٹنڈو الہ یار زون کی کمیٹی کے اراکین،مختلف یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین غریب و مظلوم کے حقوق کیلئے جدو جہد کر رہے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ ملک میں غریب و متوسط طبقے کے عوام کو انکے بنیادی حقوق حاصل ہوں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملکی سیاست مین خدمت برائے سیاست کو متعارف کرا کر ملک کی سیاست میں مثبت روایات قائم کی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 63 سالوں سے ملک کی عوام کو جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں نے نعروں کے سوا کچھ نہیں دیا۔۔انہوں نے کہا کہ موجودہ نازک حالات اس بات کا تقاضہ کرتے ہیں کہ ملک بھر کی عوام بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کر کے ملک دشمن قوتوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں اور اپنے عزم و حوصلے کے ذریعے انتشار و نفاق کی سیاست کرنے والوں کی سیاست کا باب ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند کردیں۔

ایم کیو ایم کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ’’روزنامہ مشرق‘‘ کے اسٹاف رپورٹر اصغر چوہدری سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت کی

لاہور۔۔۔2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ’’روزنامہ مشرق‘‘ کے اسٹاف رپورٹر اصغر چوہدری سے ان کے والد کے انتقال پر تعزیت کی اور لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ت دلی تعزیت وہ ہمدردی کا اظہار کیا،رکن رابطہ کمیٹی واسع جلیل، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی اور متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی کے زونل انچارج زاہد ملک نے اپنے الگ الگ تعزیتی پیغامات میں اصغر چوہدری سے انکے والد کے انتقال پر تعزیت کی اور انکے خاندان کے دیگر افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا،مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے اور لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف آواز حق بلند کرنے والوں کو اس نظام کے حامی لوگ انہیں اپنا دشمن سمجھ کران کی راہ میں مشکلات کھڑی کرتے ہیں، قطب الدین

سکھر میں یوسی 9 پرانہ میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

سکھر:۔۔۔۔2جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین بھائی نے کہا ہے کہ انقلابی تحریکوں میں شامل لوگ ایک عظیم مقصد کیلئے اپنی جان و مال کی قربانی دیتے ہیں اور کٹھن اور مشکل حالات سے نمٹنے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر میں یوسی 9 پرانہ میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ نظریاتی تحریک اور اسکے کارکن کو ہمیشہ مصائب ومشکلات کا سامنا رہا ہے کیونکہ وہ ایسے نظام کی تبدیلی کی جدو جہد کرتے جسمیں تمام قومیں اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہوں اور ایک مخصوص طبقہ برسوں سے ملک پر حکومت کرتا آرہا ہو، ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف آواز حق بلند کرنے والوں کو اس نظام کے حامی لوگ انہیں اپنا دشمن سمجھ کر ان کی راہ میں مشکلات کھڑی کرتے ہیں لیکن جو کارکنان نظریاتی طور پر مضبوط ہوتے ہیں وہ اپنے مشن ومقصد کے حصول کے لئے ان لوگوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین بھائی نے غریبوں کے حقوق کی خاطر اپنی زندگی جدوجہد میں گزاردی ملک کے جاگیرداروں اور سرمایہ داروں نے قائد تحریک کی اس کاوش کو سبوتاژ کرنے کیلئے مختلف حربے اختیار کئے روکاوٹیں پیدا کی گئیں لیکن قائد تحریک اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب اس وطن عزیز میں حق پرستوں کا راج ہوگا اور غریبوں کو ان کے حقوق ملیں گے ہم سب پر یہ فرض ہے بنتا ہے کہ قائد تحریک کے مشن کو مزید مستحکم کرنے کیلئے کارکنان دن رات محنت کر کے عوام کو حق پرستی کا پیغام دیں۔

حق پرست صوبائی وزیر سیّد سردار احمد کی والدہ کے انتقال پر جیکب آباد زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی ک اظہارِ تعزیت

جیکب آباد:۔۔۔2جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ جیکب آباد زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی نے حق پرست صوبائی وزیر سیّد سردار احمد کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انچارج واراکین زونل کمیٹی نے سردار احمد سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایم کیو ایم کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔۔2جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکنان محمد اقبال کی والدہ حشمت النساء، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن نوید اقبال کی والدہ دلیری بیگم، شکارپور زون یونٹ C کے کارکن شمیم احمد آرائیں کی ہمشیرہ ثمینہ بی بی اور ایم کیو ایم گلگت بلتستان گلبرگ ٹاؤن سیکٹر uc5 کے کارکن والد محمد گل جان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

بجٹ 12-2011/ایم کیوایم کی تجاویز/پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹرمحمد فاروق ستارنے کہاہے کہ زرعی آمدنی سمیت تمام قابل ٹیکس آمدنی پرفی الفورٹیکس نافظ کیاجائے،ایم کیوایم ایڈھاک ازم کے خلاف ہے اورملک سے ایڈھاک ازم کامکمل خاتمہ چاہتی ہے ایڈھاک ازم نے ملک کوناقابل تلافی نقصان پہنچایاہے،قائدتحریک جناب الطاف حسین نے درست کہتے ہیں کہ ہم اپنے قدرتی وسائل کااستعمال کریں تو ورلڈ بینک اورآئی ایم ایف کی محتاج نہیں رہیں گے،ایم کیوایم نے اپنی بجٹ12-2011 کی تجاویزمیں آٹھ سے بارہ سوارب کے وسائل پیداکیے ہیں،حکومت ایم کیوایم کی تجاویزپرعمل کرے تو ملک کومعاشی طورپرآزاداورخودمختار بنایاجاسکتاہے، ملک کے اخراجات زیادہ ہیں اورآمدنی کم ہے،وفاقی حکومت کے اخراجات کاتخمینہ 3.5 کھرب روپے جبکہ ٹیکسوں کی مدمیں ملنے والی کل آمدنی 2.5 کھرب روپے ہے جس میں 9سوسے ایک ہزارارب روپے کی کمی کاسامناہے،ایم کیوایم نے جووسائل تجویزکیے ہیں وہ 8سو 12 سوارب روپے ہیں جیسے اختیارکرکے ملک کومعاشی طورپرآزاداورخودمختار بنایاجاسکتاہے۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم کسی بھی حال میں VAT اور RGST نافذنہیں ہونے دیگی،مہنگائی میں کمی اورآمدنی میں اضافے کے بغیرملک کومستحکم نہیں کیاجاسکتا۔انہوں نے مزیدکہاکہ لاءاینڈآڈرکوکنٹرول کرنامتعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری اداکریں۔ایک سوال کے جواب ڈاکٹرفاروق ستارنے کہاکہ قیاس آرائی میں جانے کے بجائے ہمیں اچھی امیدرکھنی چاہیے تاہم ایم کیوایم کی تجاویزپرعملدرآمدنہیں ہوتوایم کیوایم متبادل بجٹ پیش کریگی۔ان خیالات کااظہارانہوں نے جمعرات کے شام خورشیدبیگم سیکریٹریٹ عزیزآبادمیں ایم کیوایم کی اقتصادی ٹیم کے ارکان قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی،سینیٹراحمدعلی،سینیٹرعبدالحسیب،اراکین قومی اسمبلی رشیدگوڈیل،خواجہ سہیل منصوراورسینئرصوبائی وزیرسیدسرداراحمدکے ہمراہ پربجٹ12-2011 کے کیلئے ایم کیوایم کی تجاویزکے سلسلے میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹرفاروق ستارنے کہاکہ بجٹ12-2011 کی آمدآمدہے۔پاکستان کی ایک ذمہ دارسیاسی جماعت کی حیثیت سے ایم کیوایم نے وفاقی وزیرخزانہ اوروفاقی وزارتِ خزانہ کے اہم ارکان پرمشتمل ایک ٹیم سے گذشتہ دنوں میں ملاقاتیں کرکے ملک کومعاشی طورپرآزاداورخودمختاربنانے کیلئے اپنی تجاویزسے آگاہ کردیاہے۔سیدسرداراحمد،حیدرعباس رضوی،احمدعلی،حسیب خان،خواجہ سہیل منصوراوررشیدگوڈیل نے ڈاکٹرفاروق ستارکی قیادت میں مندرجہ ذیل بجٹ تجاویزکورابطہ کمیٹی کی باقاعدہ منظوری کے بعدتینوں منتخب ایوانوں میں ایم کیوایم کی تجاویزکے طورپرپیش کرنے کافیصلہ کیاہے۔انہوں نے کہاکہ ملک کے غریب اور متوسط طبقے کی واحدنمائندہ جماعت ہونے کے ناطے ہمارے کاندھوں پریہ ذمہ داری عائدہوتی ہے کہ بجٹ کے موقع پراپنے تمام تروسائل بروئے کارلاتے ہوئے غریب اور متوسط طبقے کابھرپوردفاع کریں اوراپنی تمام تجاویزسامنے لائے کہ جس کابراہ راست فائدہ پاکستان کے 18 کروڑغریب اورمتوسط طبقے تک پہنچے۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم کی بجٹ تجاویزکی شکل میں غربت اوربے روزگاری کے خاتمے،صحت وتعلیم بطوراولین ترجیح،توانائی،صنعتی وزرعی پیداوارمیں اضافے،امن وامان کی صورتحال بہتربنانے اورملک سے کرپشن کے خاتمے سمیت ایک جامع اورقابل عمل منصوبہ پیش کیاگیاہے جسے شامل کرکے حکومت وقت پاکستان اورپاکستانیوں کوتاریخ کے بدترین معاشی بحران سے نکال سکتی ہے۔دنیاپاکستان کوایک انتہائی مشکل ملک تصورکرتی ہے اوریہ کسی حدتک درست بھی ہے مگرہم ساتھ ساتھ یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان اورپاکستانیوں کودرپیش دہشتگردی اورعلیحدگی پسندی کے خطرناک رجحانات کوایک بہتر،متوازن،مضبوط اورعوامی شرکت وشراکت پرمبنی معاشی پالیسی کے ذریعے ختم یابہت کم ضرورکیاجاسکتاہے معاشی طورپربدحال پاکستان دہشتگرداورعلیحدگی پسندوں کی جنت جبکہ معاشی طورپرخوشحال پاکستان اس کے برعکس ہوسکتاہے۔

متحدہ قومی موومنٹ نے اپنی بجٹ تجاویزکو 5 حصوں میں تقسیم کیاہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

صنعتوں کافروغ اورروزگارمیں اضافہ

1. توانائی کے بحران پرخصوصی توجہ اوراس کاحل
2. مانیٹری پالیسی پرنظرثانی اورمارک اپ ریٹ میں کمی
3. پیداواری لاگت (Cost of Production) میں کمی کیلئے اقدامات
4. ملک گیرامن عامہ کی بہتری کیلئے جامع اقدامات،خصوصاً کراچی کاتجارتی،معاشی اورمعاشرتی امن اورسالمیتِ پاکستان لازم وملزوم ہیں۔
5. ملک میں DFIDS کی تشکیل تاکہ اقتصادی منصوبوں اورخصوصاًبڑے منصوبوں کوبہترطورپرسپورٹ اورفنانس کیاجاسکے۔

6. ملک کی معاشی پالیسیوں میں تسلسل اور ٹھہراؤ

7. صنعتوں کے فروغ کیلئے درآمد شدہ یا ملک میں تیار ہونے والی مشینری کو ہر قسم کے ٹیکس یا ڈیوٹی سے استثناء

8. بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو سرمایہ کاری میں سہولیات کی فراہمی کیلئے One Window Operation کا قیام

موجودہ وسائل کے استعداد کار میں اضافہ اور بہترین استعمال

1. بجٹ 12-2011 کو عوامی اور معیشت دوست بجٹ ہونا چاہیئے وقت آچکا ہے کہ ایک عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے کا بجٹ کے ذریعے کچھ مداوا کیا جائے اگر حکومت ٹیکس کے موجودہ نظام سے ناانصافی اور تفریق کو ختم کرے تو قوی امکان ہے کہ موجودہ وسائل کی نہ صرف استعداد کار میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ اس کے بہترین استعمال کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

اسی لئے ایم کیو ایم نے اپنے میثاق معیشت کے چند نکات کو بجٹ کا حصہ بنانے کیلئے تجویز کئے ہیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

1. تمام قابل ٹیکس آمدنی سے لازماً ٹیکس حاصل کیا جائے یہ نہ صرف وقت کی اہم ترین ضرورت ہے بلکہ اس سے براہ راست اور بلاواسطہ ٹیکس کو بڑھایا جاسکتا ہے اور 200 بلین روپے اضافی ٹیکس حاصل ہوسکتا ہے۔ اس ضمن میں زرعی آمدنی پر فی الفور ٹیکس نافذ کیا جائے۔

2. کرپشن اور وسائل کے ضیاع کی روک تھام اور FBR میں ٹیکس ریفارم سے 600 سے 700 بلین روپے بچائے جاسکتے ہیں۔

3. سادگی پر مبنی اقدامات اور غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کر کے 50 بلین روپے بچائے جاسکتے ہیں۔ VIP اور VVIP کلچر کا خاتمہ اس ضمن میں ایک مثال ہوگا۔

4. **پبلک سیکٹر انٹرپرائزز ریفارمز:۔**

مذکورہ ریفارمز میں Professionals کو شامل کر کے اور اس ریفارمز کے ذریعے پاکستان اسٹیل، PIA اور PEPCO جیسے سفید ہاتھیوں کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ جس کی مدد سے 200 سے 300 بلین روپے کی بچت بھی کی جاسکتی ہے اس سلسلے میں Public Private Partnership ایک بہترین حکمتِ عملی ثابت ہوسکتی ہے۔

5. **افغان ٹریڈ ٹرانزٹ:۔**

ATT کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام سے نہ صرف اسمگلنگ کو روکا جاسکتا ہے بلکہ مقامی صنعتوں کو فروغ حاصل ہوسکتا ہے اور ریلوے کو ذرائع آمدورفت کے طور پر استعمال کرنے سے نہ صرف ریلوے کا ادارہ مضبوط ہوگا بلکہ اس پورے خطے میں تجارت کو فروغ حاصل ہوگا۔

6. سیاسی بنیادوں پر قرضے معاف کرانے والوں کی تحقیقات اور قرضہ جات کی واپسی کیلئے ایک غیر جانبدار کمیشن کا قیام

7. زرعی اجناس کی خریداری کیلئے Support Price Mechanism اور انتہائی مہنگے داموں خریداری کو ختم کر کے Free Market Economy کے اصولوں کو اپنایا جائے۔

Development / Socio Economic Reform Agenda

دراصل صرف وہی ترقی مستقل بنیاد پر آگے بڑھ سکتی ہے جس میں نہ صرف عوام کی شرکت وشمولیت کو یقینی بنایا جائے بلکہ جو علوم وفنون کی بنیاد پر ہو۔ پاکستان کی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نکات پر خصوصی توجہ کی اشد ضرورت ہے۔

1.(a) زرعی اصلاحات اور بے زمین ہاریوں اور کسانوں میں سرکاری اراضی کی تقسیم کی جائے۔

(b) Cooperation Farming کا فروغ

2.(a) مائیکروفنانس بینکنگ کا فروغ

(b) Venture Financing کا فروغ

3.(a) چھوٹی اور گھریلو صنعتوں (SMEs) کا فروغ

(b) مقامی اور زرعی صنعتوں کی سرپرستی وفروغ

4. کم قیمت مکانات کی تعمیر کے رجحان کی سرکاری سطح پر سرپرستی اور Public Private Partnership اور بیرون ملک پاکستانیوں کی مدد وتعاون اور سرمایہ کاری کا فروغ۔

5. پاکستان میں Value Addition اور زیادہ روزگار دینے والی صنعتوں کے قیام میں مدد اور فروغ

6. Public Private Partnership کے رجحان کا فروغ اور سرپرستی۔

عام آدمی کیلئے براہ راست خصوصی مراعات

1.(a) ملک کے تمام شعبوں میں کم از کم تنخواہ کی حد 10,000 روپے کی جائے۔

(b) سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ اضافہ اور افراطِ زر کی شرح کے حساب سے کیا جائے۔

2. معاشرتی تحفظ پر مبنی نظام کو وضع کیا جائے (National Security Scheme)۔

3. صحت اور تعلیم پر GDP کا کم از کم 5-5 فیصد خرچ کیا جائے کیونکہ انسانی وسائل پر زرِ خطیر خرچ کئے بغیر علوم وفنون پر مشتمل معیشت قائم نہیں کی جاسکتی۔

4. پیٹرول اور بجلی کی قیمتوں کا تعین عوام کی جیب کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جائے۔

5. Social Accountability 8000 جیسے International Standards کو Corporate Sector پر لاگو کیا جائے تاکہ مزدور کی حالت کو بہتر بنایا جاسکے۔

6. پنشن میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے تاکہ پنشنرز کو براہ راست فائدہ ہوسکے۔

7. بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو ایسی سہولیات فراہم کی جائیں کہ وہ آسانی اور تیز رفتاری سے اپنی محنت کی کمائی واپس وطن بھیج سکیں۔

پاکستان کے شہری علاقوں کیلئے بڑے اور اہم منصوبے

1. حکومت سندھ اور وفاقی حکومت کے درمیان معاہدے کی رُو سے کراچی کو فراہمی آب کو 600 کیوسک سے 1200 کیوسک یعنی MGD 1200 سے 2400 MGD تک بڑھانے کے منصوبے کی ضرورت ہے تاکہ پانی کی کمی کو نہ صرف پورا کیا جاسکے بلکہ تیزی سے بڑھتے اس شہر کے مستقبل کی ضروریات کو بھی پورا کیا جاسکے۔

2. وفاقی حکومت اس ضمن میں K-4 پراجیکٹ کو اس بجٹ میں منظور کرے تاکہ 100 سے MGD 150 اضافی پانی کراچی کو فراہم کیا جاسکے۔

3. 2011-12 کے بجٹ میں کراچی اور لاہور کیلئے ماس ٹرانزٹ پروگرام کیلئے آسان قرضہ جات یا BOT کی بنیاد پر رقوم حاصل کرکے فراہم کی جائیں تاکہ ان عظیم منصوبوں پر کام شروع کیا جاسکے۔

4. اسی حوالے سے کراچی سرکلر ریلوے (KCR) کی بحالی کیلئے Japan / Jica کی مدد سے حاصل ہونے والی رقوم کو فی الفور بروئے کار لایا جائے۔

5. کراچی اسکیم 33 کیلئے فراہمی آب ونکاسی اور بیرونی سڑکوں کی تعمیر کیلئے رقوم مختص کی جائیں۔

6. ایشیاء کی سب سے بڑی کچی آبادی اورنگی ٹاؤن کیلئے فراہمی ونکاسی آب کے منصوبے کیلئے رقوم مختص کی جائیں۔

7. پاکستان کے تمام بڑے شہروں کیلئے ڈی سیلینیشن پلانٹس، ری سائیکلنگ پلانٹس کیلئے رقوم مختص کی جائیں جس سے نہ صرف سمندری آلودگی کم کرنے میں مدد ملے گی بلکہ اضافی پانی بھی فراہم کیا جاسکے گا۔

8. ملک بھر کے شہروں کو بہتر بنانے کیلئے سندھ کے 10، پنجاب کے 15، خیبر پختونخواہ کے 7 اور بلوچستان کے 5 چھوٹے بڑے شہروں کی مقامی / شہری حکومتوں کیلئے بجٹ میں Block Allocation کی جائیں۔

9. جنوبی پنجاب کے پسماندہ علاقوں کی ترقی سمیت گلگت بلتستان اور شمالی علاقہ جات کی ترقی کیلئے (چھوٹے ڈیمز کی تعمیر، معدنی وسائل کی ترقی، سیلاب سے بچاؤ وغیرہ) علیحدہ رقوم مختص کی جائیں۔

10. عطا آباد جھیل کے متاثرین کی از سرِ نو آبادکاری کیلئے جو وعدے کئے گئے تھے ان پر من وعن عمل کیا جائے اور بھاشا ڈیم کے متاثرین کیلئے معاوضے کی رقوم کو اس علاقے کے تمام باشندوں میں بلا تخصیص اور غیر جانبدارانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆